Shabbir/ Adeel

21-10-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1. وزیراعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلی میں NDTV World Summit : India Century سے خطاب کریں گے۔
2. NDA کی اتحادی آل جھارکھنڈ اسٹوڈینٹس یونین نے اسمبلی انتخابات کے لیے آٹھ امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کردی ہے۔
3. جموں و کشمیر اسمبلی کے نومنتخبہ اراکین اسمبلی کو آج سرینگر میں حلف دلایا جائے گا۔
4. ملازمین کے پروڈینٹ فنڈ سے متعلق تنظیم EPFO نے اس سال اگست میں کُل 18 لاکھ پچاس ہزار ممبروں کو شامل کیا ہے۔
5. مالدیپ کے صدر نے ملک میں بھارت کے UPI کو متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔
6. اور کرکٹ میں:

نیو زیلینڈ نے جنوبی افریقہ کو 32 رن سے شکست دے کر پہلی مرتبہ خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کا خطاب جیت لیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM World Summit

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں NDTV World Summit 2024- The India Century سے خطاب کریں گے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ آج صبح دس بجے سربراہ اجلاس سے خطاب کرنے کے منتظر ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کی ترقی کی داستان نے دنیا کی توجہ اپنی جانب مبذول کرائی ہے اور ہماری یووا شکتی ملک کو

نئی بلندیوں تک لے جا رہی ہے۔
جناب مودی نے کہا کہ وہ بھارت کی اہم حصولیابیوں کے بارے میں بات کریں گے اور اس بات پر روشنی ڈالیں گے کہ بھارت کس طرح عالمی سطح پر ایک روشن مقام کے طور پر ابھرا ہے۔
توقع ہے کہ وزیراعظم کے افتتاحی خطبے میں دو ہزار 47 تک بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے اور ساتھ ہی اور 2030-31 تک بھارت کو تیسری بڑی معیشت بنانے کے موضوعات چھائے رہیں گے۔
اِس سربراہ اجلاس میں دیگر شخصیات کے علاوہ بھوٹان کے وزیراعظم Tshering Tobgay ، بارباڈوز کے وزیر اعظم Mia Mottley اور برطانیہ کے سابق وزیراعظم ڈیوڈ کیمرون بھی شرکت کریں گے۔x

**Jharkhadn AJSu List**

جھارکھنڈ میں NDA کی اتحادی، آل جارکھنڈ اسٹوڈینٹس یونین (AJSU) نے اسمبلی انتخابات کے لیے 8 امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کی ہے۔پارٹی کے سربراہ سدیش کمار مہتو، Silli حلقے سے چناؤ لڑیں گے جبکہ سینئر رہنما Lamboder Mahto کو Gomia اسمبلی حلقے سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ رانچی میں پارٹی پارلیمانی بورڈ کی میٹنگ میں لیا گیا۔
NDA کے سیٹوں کے بٹوارے کے فارمولے کے مطابق AJSU دس سیٹوں پر، JD (U) دو پر، اور چراغ پاسوان کی قیادت والی LJP ایک سیٹ پر چناؤ لڑے گی جبکہ BJP باقی ماندہ 68 سیٹوں پر اپنے امیدوار اتارے گی۔
81 رکنی جھارکھنڈ اسمبلی کے انتخابات 13 اور 20 نومبر کو دو مرحلوں میں منعقد ہوں گے، ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔x
اسمبلی انتخابات کے اعلان کے بعد ریاست کے مختلف حصوں سے غیرقانونی سازوسامان اور تین کروڑ پندرہ لاکھ روپے سے زیادہ کی رقم ضبط کی گئی ہے۔ چیف انتخابی افسر کے روی کمار نے بتایا کہ حکام کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ مثالی ضابطۂ اخلاق کے نفاذ پرسختی برتیں۔کمیشن کے رہنما خطوط کے مطابق کسی بھی شخص کو الیکشن کی مدت کے دوران پچاس ہزار روپے تک ساتھ رکھنے کی اجازت ہے۔ اگر رقم پچاس ہزار روپے سے زیادہ ہے لیکن دس لاکھ سے کم ہے تو اسے ضبط کرلیا جائے گا۔ضلع کمشنر کی سربراہی والی کمیٹی اِس بات کا فیصلہ کرے گی کہ یہ رقم صحیح مقاصد کیلئے تھی یا پھر اس کا کوئی اور مقصد تھا۔ دس لاکھ روپے سے زیادہ کی رقم مزید تفتیش کیلئے انکم ٹیکس محکمے کے سپرد کردی جائے گی۔x

**Jharkhand India Block Dispute**

راشٹریہ جنتا دل RJD کے بعد اب CPIML نے بھی I.N.D.I.A بلاک کی اتحادی پارٹیوں کے درمیان سیٹوں کی تقسیم پر شدید ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ دونوں پارٹیوں نے جھارکھنڈ مکتی مورچہ کو الٹی میٹم دیا ہے کہ وہ آج 11 بجے تک اُن کی مانگوں کو پورا کرے۔ ورنہ وہ کوئی فیصلہ لینے کیلئے آزاد ہوں گے۔ I.N.D.I.A بلاک کے درمیان سیٹوں کی تقسیم کے فارمولے کے

تحت 70 سیٹیں جھارکھنڈ مکتی مورچہ اور کانگریس کو جبکہ 11 سیٹیں RJD اور CPIML کو دی گئی ہیں۔ RJD کے سینئر رہنما منوج کمار جھا نے کہا ہے کہ ریاست میں 18 سے 20 آسمبلی حلقے ایسے ہیں جہاں پارٹی اپنے بل بوتے BJP کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس حقیقت کو ملحوظ نظر رکھنی چاہئے۔

**SB- Manoj Kumar Jha**

**Maharashtra Election**

مہاراشٹر ریاست میں، آسمبلی انتخابات سے قبل سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آتی جا رہی ہے۔ اِس سلسلے میں نوٹیفکیشن کَل جاری کیا جائے گا۔ کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 29 اکتوبر ہے۔ BJP نے انتخابات کے لیے 99 امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C Ankita**

مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، ناگپور جنوب مغرب آسمبلی حلقے سے جبکہ مہاراشٹر BJP کے صدر چندر شیکھر باون کُڑے کامٹھی حلقے سے BJP کے امیدوار ہوں گے۔ ریاستی وزیر گریش مہاجن جام نیر سے جبکہ Sudhir Mungantiwar بلّار پور آسمبلی حلقے سے انتخاب لڑیں گے۔

اس کے علاوہ BJP نے آشیش شیلار کو باندرہ مغرب، منگل پربھات لوڈھا کو ملبار ہلز، Rahul Narwekar کو قلابہ اور اشوک چوہان کو بھوکر آسمبلی حلقے سے میدان میں اتارا ہے۔

بر سر اقتدار مہایُوتی کی سیٹوں کی تقسیم کا فارمولہ ابھی طے نہیں ہوا ہے جبکہ مہا وکاس آگھاڑی کا کہنا ہے کہ ان کی سیٹوں کی تقسیم سے متعلق بات چیت آخری مرحلے میں ہے اور جلد ہی ان کا اعلان کردیا جائے گا۔

اس کے علاوہ شیو سنگرام پارٹی کے بانی آنجہانی ونائک میٹے کی اہلیہ ڈاکٹر جیوتی میٹے نے NCP شرد پوار گروپ میں شمولیت اختیار کرلی ہے اور بیڑ آسمبلی حلقے سے انتخاب لڑنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔

دوسری جانب نندوربار ڈسٹرکٹ کونسل کے سابق صدر بھرت گاوِت نے NCP کا دامن تھاما ہے جبکہ ونچت بہوجن آگھاڑی کے سدھارتھ دیولے اور سابق قانون ساز

پرشورام اُپَرکر، شیو سینا UBT میں شامل ہوگئے ہیں۔ بیڑ ضلع کے BJP ضلع صدر راجندر مہسکے نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے اور فی الحال کسی پارٹی میں شمولیت اختیار نہیں کی ہے۔

ممبئی سے انکتا آپٹے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ضمیر رَضوی

## Assam Mission Basundhara 3

آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے مقامی لوگوں کو زمین کے حقوق فراہم کرنے کے لیے گوہاٹی میں مشن Basundhara 3.0 کا آغاز کیا ہے۔ اس کے تحت زمین سے متعلق مختلف خدمات کو ڈیجیٹائز کرنے اور ریاست کے لوگوں کے فائدے کے لیے نقشے شائع کرنے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔

وزیر اعلیٰ نے محکمہ ریوینیو کے Digidoc کا بھی آغاز کیا، جو کہ غیر رجسٹرڈ اور اختیاری رجسٹری کے قابل دستاویزات کے لیے ایک ڈیجیٹل ڈائریکٹری ہے۔ یہ ڈائرکٹری زمین سے متعلق خدمات کو آسان بنائے گی، پروسیسنگ کے وقت کو کم کرے گی اور عوامی سہولت میں اضافہ کرے گی نیز رسائی اور کارکردگی کو بہتر بنائے گی۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عہدہ سنبھالنے کے فوراً بعد ان کی حکومت نے آسام میں مقامی برادریوں کو زمین کے حقوق فراہم کرنے کا فیصلہ کیاہے۔ یہ ایک ایسا مشق ہے جو آزادی کے 75 سال بعد شروع کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی مقصد کے ساتھ 2021 میں مشن Basundhara شروع کیا گیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آسام حکومت نے مشن Basundhara 1 کے تحت 9 مہینے میں 8 لاکھ درخواستوں کو نمٹا دیا ہے۔

## Mandaviya eShram

محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا آج نئی دلی میں غیر منظّم کارکنوں کے لیے، ایک ہی مرکز پر ہر طرح کی سہولت کے ای۔شرم پلیٹ فارم کا آغاز کریں گے۔ یہ پلیٹ فارم ایک ثالث کے طور پر کام کرے گا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ غیر منظّم کارکنوں کو حکومت کی مختلف اسکیموں کی بہ آسانی رسائی ہوئی ہے۔

اِس پہل کا بنیادی مقصد ایک واحد پلیٹ فارم کے ذریعے موثر طور پر غیر منظّم کارکنوں کے لیے سماجی سیکورٹی اور بہبود کی تمام اسکیموں کے فائدے کے بارے میں مکمل معلومات دینا ہے۔ اِس پہل سے غیر منظّم کارکنوں کو اُن کے لیے ڈیزائن کی گئی اسکیموں کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔x

**Shivraj Workshoop**

دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان آج نئی دلی میں شہری اراضی کے ریکارڈس کے سروے اور دوبارہ سروے میں جدید ٹیکنولوجیوں کے موضوع پر بین الاقوامی ورکشاپ کا افتتاح کریں گے۔ اِس ورکشاپ میں شہری اراضی کے ریکارڈ کو جدید بنانے، موجودہ قابل عمل تکنیکی حل اور منتخبہ شہری علاقوں کے لیے پائلٹ پروجیکٹ منصوبہ بندی میں سہولت میں بہترین عالمی سرگرمیوں کی نمائش کی جائے گی۔x

**Jammu Kashmir Encounter**

وادی کشمیر کے بارہمولہ ضلعے میں کنٹرول لائن سے متصل اُڑی علاقے میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مُڈبھیڑ میں ایک مسلح دہشت گرد ہلاک ہوگیا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ دراندازی کی ایک کوشش کے تحت مشتبہ نقل و حرکت دیکھے جانے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کو للکارا۔ دہشت گردوں نے تب اندھا دھند فائرنگ شروع کردی۔ جوابی کارروائی میں ایک دہشت گرد ہلاک ہوگیا۔ مارے گئے دہشت گرد کی شناخت کی جا رہی ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے تصادم کی جگہ سے ایک اے۔کے۔رائفل، دو اے۔کے۔میگزین، 57 اے۔کے۔راؤنڈس گولیاں، دو پستول، تین پستول میگزین اور دیگر جنگی سازوسامان برآمد کیا ہے۔x

**J&K MLAs Sworn in**

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے نو منتخبہ MLA's کو آج سری نگر میں حلف دلایا جائے گا۔ عبوری اسپیکر مبارک گُل MLA's کو عہدے کا حلف دلائیں گے، اِن میں 51، نئے رکن شامل ہیں۔ حلف برداری کی تقریب دن میں دو بجے ہوگی۔ بی جے پی کی 29 سالہ Shagun Parihar سب سے کم عمر قانون ساز ممبر ہیں جبکہ چرارے شریف کے نیشنل کانفرنس کے 80 سالہ آزمودہ کار MLA عبدُل رحیم راتھر سب سے معمر شخص ہیں۔ جناب راتھر اور علی محمد ساگر ایسے دو افراد ہیں، جو ریکارڈ ساتویں مرتبہ اسمبلی کے لیے منتخب ہوئے ہیں۔ ساگر 1983 سے قانون ساز اسمبلی کے ایک رکن ہیں، جب کہ راتھر نے 1977 میں ایک قانون ساز کی حیثیت سے اپنا طویل سفر شروع کیا۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**EPFO Member**

ملازمین کے پرووِڈینٹ فنڈ سے متعلق تنظیم EPFO نے اِس سال اگست کے مہینے میں کُل 18 لاکھ 63 ہزار ممبر شامل کیے

ہیں۔ محنت اور روزگار کی وزارت نے کہا ہے کہ تقریباً 9 لاکھ 30 ہزار نئے ممبروں نے اگست کے مہینے میں اپنا اندراج کرایا ہے۔ کُل نئے ممبروں میں سے تقریباً دو کروڑ 53 لاکھ خاتون ممبر ہیں۔ x

**RCS Udan Anniversary**

علاقائی فضائی رابطے کی اسکیم – اُڑے دیش کا عام ناگرک (RCS UDAN) نے آج اپنے آغاز کے آٹھ سال مکمل کر لیے ہیں۔ اس اسکیم کو شہری ہوا بازی کی وزارت نے 21 اکتوبر 2016 کو شروع کیا تھا۔ UDAN اسکیم ملک کے فضائی رابطے سے محروم علاقوں میں فضائی راستوں کو بہتر بنانے اور عام شہریوں کی امنگوں کو پورا کرنے پر مرکوز ہے۔ اس اسکیم کے تحت پہلی پرواز کو وزیر اعظم نریندر مودی نے 27 اپریل 2017 کو روانہ کیا تھا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC- Bhanu**

**Maldives UPI**

مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے اپنے ملک میں بھارت کے یونیفائڈ پیمنٹ انٹرفیس UPI کو متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ صدر کے دفتر نے اعلان کیا ہے کہ یہ فیصلہ کابینہ کی سفارش پر لیا گیا ہے۔ بھارتی سیاح کرنسی تبدیل کرنے کی پریشانی کے بغیر UPI سے چلنے والے ایپ پر بھارتی روپے میں لین دین کرنے کے اہل ہوں گے۔ اِس اقدام سے اضافہ شدہ مالی شمولیت، مالی لین دین میں بہتری اور اضافہ شدہ ڈجیٹل بنیادی ڈھانچہ سمیت مالدیپ کی معیشت کو وسیع فائدے حاصل ہونے کا امکان ہے۔ اِس سال اگست میں وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر کے دورے کے دوران مالدیپ میں یونیفائڈ پیمنٹ انٹرفیس UPI کو نافذ کرنے کیلئے دونوں ملکوں کے درمیان مفاہمت کے ایک اقرار نامے پر دستخط کئے گئے تھے۔

**Russian Statement**

روس کے وزیر خارجہ Sergey Lavrov نے کہا ہے کہ بھارت، برازیل اور افریقی ملکوں کو اقوام متحدہ سلامتی کونسل (UNSC) میں مستقل بنیادوں پر نمائندگی دی جانی چاہیے۔ Lavrov نے یہ بات کُل سرکاری ملکیت والی خبر رساں ایجنسی TASS کو انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔ جناب Lavrov نے کہا کہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں بھارت اور برازیل جیسے ملکوں کے ساتھ ساتھ افریقہ کی نمائندگی بھی مستقل بنیادوں پر ہونی چاہئے تاکہ عالمی اکثریت کی نمائندگی کو یقینی بنایا جاسکے۔

پچھلے مہینے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں، برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer نے بھی ایک اصلاح شدہ سلامتی کونسل میں مستقل رکن کے طور پر بھارت کو شامل کرنے نیز افریقی ملکوں کے ساتھ ساتھ برازیل، جاپان اور جرمنی کی

مستقل نمائندگی کی پُرزور حمایت کی تھی۔
اسی طرح انہوں نے منتخب رکن ملکوں کیلئے مزید نشستوں کی بھی حمایت کی تھی۔
چلی، فرانس، مائیکرونیشیا اور پرتگال نے بھی سلامتی کونسل میں بھارت کو مستقل رکنیت دیئے جانے کی حمایت کی ہے۔ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے مستقل ارکان کے طور پر شمالی امریکہ اور روس نے بھی اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں بھارت کی مستقل رکنیت حاصل کرنے کی کوشش کی حمایت کی ہے۔

**Hurricanem Oskar**

سمندری طوفان آسکر، گذشتہ کل جنوب مغربی بہاماس پہنچنے کے بعد کیوبا کی جانب بڑھ رہا ہے۔ جہاں اس کے پہنچنے سے زبردست بارش کا امکان ہے کیوبا کے **Holguin**، گوانٹانامو اور **Punta Maisi** ریاستوں کے شمالی ساحل پر سمندری طوفان سے متعلق وارننگ جاری کردی گئی ہے۔
سمندری طوفان کی وجہ سے کیوبا کے اس ایک کروڑ باشندوں کی زندگی مزید پیچیدہ ہوجائے گی جو پہلے ہی ہفتے بھر سے بنا بجلی کے گزارہ کرنے پر مجبور ہیں۔
کیوبا کی ضروری خدمات جنریٹرس پر انجام دی جا رہی ہیں۔x

**Womens Cricket**

خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں کل رات دبئی کے دبئی بین الاقوامی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میچ میں **Sophie Devine** کی کپتانی میں نیوزی لینڈ کی ٹیم نے تاریخ رقم کی اور جنوبی افریقہ کو 32 رن سے ہرا کر پہلی مرتبہ خواتین ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کا خطاب جیت لیا۔ اِس سے پہلے جنوبی افریقہ کی ٹیم نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 158 رن بنائے۔ جیت کیلئے 159 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ پر محض 126 رن ہی بنا سکی۔ نیوزی لینڈ کی کھلاڑی **Amelia Kerr** نے کھیل کے ہر شعبے میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور نیوزی لینڈ کی ٹیم کو خواتین ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کا اپنا پہلا خطاب جیتنے میں نمایاں مدد فراہم کی۔ **Kerr** نے 38 گیندوں میں 43 رن بنائے۔
گیند بازی میں بھی انہوں نے 3 وکٹ حاصل کیے۔ اِس کے علاوہ انہوں نے ایک کیچ بھی لیا۔ اِس شاندار کارکردگی کیلئے **Amelia Kerr** کو میچ اور سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

**National Para Swimming Championship**

قومی پیرا سوئمنگ چمپئن شپ میں راجستھان کے لکھن سنگھ نے پنچی میں کُل مردوں کے **S4** سو میٹر فری اسٹائل مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ اڈیشہ کے کمل کانت نے چاندی اور ہریانہ کے بلراج نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ اوڈیشہ کے **Narhari** نے **S5** سو میٹر فری اسٹائل مقابلے میں نمایاں جیت درج کی۔ انہوں نے آندھرا پردیش کے لکشمی راؤ کو آسانی سے شکست دی جنہوں نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ بہار کے شمس عالم نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ مہاراشٹر کے چیتنیا وشواس نے **S6** سو میٹر فری اسٹائل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیت کر اپنا دبدبہ قائم رکھا۔ اس کے علاوہ کرناٹک نے **S7** اور **S8** زمروں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ کرناٹک کے تیجس اور سری دھر نے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ کرناٹک کے کھلاڑیوں نے **S9** اور **S10** زمروں میں بھی قابل ذکر کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

ساحل راجارام اور کپل کمار نے سروسز سے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ -شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی جانب سے کل نیشنل واٹر ایوارڈ دیئے جانے کی خبر کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔ یہ انعامات کل نئی دلی کے وگیان بھون میں عطا کئے جائیں گے۔

وہیں اخبار نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اس بیان کو بھی نمایاں جگہ دی ہے جس میں انہوں نے وارانسی کے آر جے شنکر اسپتال کو روحانیت اور جدیدیت کا سنگم قرار دیا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے کل اس اسپتال کا افتتاح کیا اور اسے عوام کو وقف کیا۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے **BJP** کے **99** امیدواروں کی فہرست جاری کئے جانے کی خبر کو صفحہ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔

اس فہرست میں **13** خواتین امیدواروں کو جگہ دی گئی ہے۔ مہاراشٹر قانون ساز اسمبلی کیلئے واحد مرحلے کے تحت **20** نومبر کو ووٹنگ ہوگی۔

روزنامہ انقلاب نے نیوزی لینڈ کی خواتین ٹیم کے عالمی کپ جیتنے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔      نیوزی لینڈ کی

خواتین ٹیم نے کل دوبئی میں کھیلے گئے فائنل مقابلے میں جنوبی افریقہ کو 32 رن سے شکست دی۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم نے پہلی مرتبہ ICC خواتین کرکٹ عالمی کپ جیتا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. وزیراعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلی میں NDTV World Summit : India Century سے خطاب کریں گے۔
2. NDA کی اتحادی آل جھارکھنڈ اسٹوڈینٹس یونین نے اسمبلی انتخابات کے لیے آٹھ امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کردی ہے۔
3. جموں و کشمیر اسمبلی کے نومنتخبہ اراکین اسمبلی کو آج سرینگر میں حلف دلایا جائے گا۔
4. ملازمین کے پروڈینٹ فنڈ سے متعلق تنظیم EPFO نے اس سال اگست میں کُل 18 لاکھ پچاس ہزار ممبروں کو شامل کیا ہے۔
5. مالدیپ کے صدر نے ملک میں بھارت کے UPI کو متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔
6. اور کرکٹ میں:

نیو زیلینڈ نے جنوبی افریقہ کو 32 رن سے شکست دے کر پہلی مرتبہ خواتین کے ٹی ٹوئینٹی عالمی کپ کا خطاب جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---